# 07-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔10 مئی کو وزیراعظم نریندر مودی کے دورہ حیدرآباد کے سلسلہ میں انتظامات کا آج پی ایم او کے عہدیداروں اوراسپیشل پروٹیکشن فورس کے آئی جی نے جائزہ لیا۔

۲۔وزیر مال وامکنہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں ہر غریب کو مکان کی فراہمی اور زمینات کے مالکین کو مالکانہ حقوق دینے کے مقصد سے کام کررہی ہے۔

۳۔خواتین وبچوں کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے اعلان کیا ہے کہ خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کو بلاسودی قرضوں کی حد جو اب تک پانچ لاکھ روپے تھی بڑھا کر دس لاکھ روپے کردی گئی ہے۔

۴۔مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ معذورین کی خدمت ایک نیک کام ہے۔

Modi's Visit

وزیراعظم نریندر مودی تیسری بار اپنے عہدہ کا جائزہ لینے بعد پہلی مرتبہ رواں ماہ کی 10 تاریخ کو ریاست کے دورہ پر آئیں گے۔اس موقع پر ظہیرآباد اسمارٹ سٹی اور ورنگل پی ایم مترا پارک جیسے اہم منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔اس سلسلہ میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی ریاستی قیادت سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں ایک بڑے عوامی جلسہ کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری گوتم راؤ کے مطابق 50اسمبلی حلقوں سے تقریباً2 لاکھ افراد کو جلسہ میں شریک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔عوامی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے پارٹی نے چار خصوصی ٹرینیں اور 3 ہزار بسوں کا انتظام کیا ہے۔پارٹی کے ریاستی صدر رام چندراو اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے جلسہ عام کی تیاری کا جائزہ لیا۔

desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر کے ہمراہ آج تارناکہ میں واقع سی ایس آئی آر کیمپس میں زیرِتعمیر سائنس ایکسپیرینس سینٹر کے کاموں کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تیزی سے ترقی کرنے والے حیدرآباد کے لئے وزیراعظم نریندر مودی نے اس مرکز کی منظوری دی ہے جو طلبہ اور محققین کے لیے نہایت مفید ثابت ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ تقریباً تین ماہ قبل شروع ہونے والے اس پروجیکٹ کو آئندہ سال مئی یا جون تک مکمل کرلیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس ماہ کی 10 تاریخ کو وزیرِ اعظم کے دورے کے دوران ظہیرآباد انڈسٹریل پارک، ورنگل ٹیکسٹائل پارک سمیت کئی ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھا جائے گا۔مستقبل میں ریلوے اور تعلیمی شعبوں میں مزید کئی اہم کام انجام دئے جائیں گے۔

desk

Adluri Lakshman

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ محکمہ بہبود کے تحت ملازمین کے تبادلوں کو شفاف انداز میں اور کسی بھی تنازعہ کی گنجائش کے بغیر انجام دیا جائے۔انہوں نے گزشتہ روز سکریٹریٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے مسائل سے دوچار ملازمین، شریک حیات سے متعلق کیسس اور طویل عرصہ سے دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کو ترجیح دی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ تبادلوں کے عمل میں ڈیجیٹل طریقہ کار اپنایا جائے اور شکایات کے ازالے کے لئے ایک خصوصی سیل قائم کیا جائے۔انہوں نے حکام کو یہ بھی ہدایت دی کہ گروکل اداروں میں تدریسی معیار متاثر نہ ہو اس کے لئے عملہ میں توازن برقرار رکھا جائے۔ بالخصوص خواتین اور معذور ملازمین کے ساتھ انسانی ہمدردی پر مبنی رویہ اختیار کرنے پر زور دیا۔

desk

Planning Commission

ریاستی پلاننگ کمیشن کے نائب صدرنشین ڈاکٹر چنا ریڈی نے کسانوں سے کہا ہے کہ وہ بین الاقوامی بازار میں مانگ والے تیل کے بیج اور دالوں کی کاشتکاری کے ذریعہ پائیدار زراعت کو اپنائیں۔ ونپرتی میں انہوں نے فصلوں کی تبدیلی سے متعلق ایک بیداری پروگرام سے خطاب کیا۔ اِس پروگرام میں ضلع کلکٹر آدرش سورابھی نے شرکت کی۔

Desk

Weather

حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔بعض اضلاع میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ان اضلاع میں 40 تا50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ چند مقامات پر ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے۔اس کے نتیجہ میں ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس کی کمی کا امکان ہے۔

Desk

PM - Operation Sindoor

وزیراعظم نریندر مودی نے آپریشن سندور کے ایک سال کی تکمیل پر مسلح افواج کی بہادری کو یاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پر حملہ کرنے والوں کو فوج نے منہ توڑ جواب دیا۔انہوں نے کہا کہ مسلح افواج کی کامیابی پر ہر بھارتی شہری کو ناز ہے۔فوجیوں کے تئیں اظہارِ عقیدت کے طور پر وزیراعظم نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سوشل میڈیا پر اپنی ڈسپلے پکچر کو تبدیل کریں۔

Desk

Tour

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی ہدایت کے مطابق وزیر لیبر جی وویک وینکٹ سوامی کے ہمراہ متحدہ عادل آباد ضلع کے انچارج وزیر جوپلی کرشنا راؤ کل صبح تومڑی ہٹی علاقہ کا دورہ کریں گے۔ دونوں وزرائ پراناہیتا پروجیکٹ کیلئے اہم سمجھے جانے والے تومڑی ہٹی پر بیراج کی تعمیر، آبپاشی کیلئے پانی کی دستیاب، زیرآب آنے والے علاقوں اور متعلقہ امور کا جائزہ لیں گے۔اس دورہ کے تحت وزرائ محکمہ آبپاشی کے متعلقہ عہدیداروں اور مقامی عوامی نمائندوں کے ساتھ اجلاس منعقد کریں گے۔ دونوں وزرائ بیراج کی تعمیر سے متعلق دستیاب پانی کے اعداد وشمار اور کسانوں کی بہبود کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے آئندہ لائحہ عمل طئے کریں گے۔

Desk

PM Visit Review

10 مئی کو وزیراعظم نریندر مودی کے دورہ حیدرآباد کے سلسلہ میں انتظامات کا آج پی ایم او کے عہدیداروں اور اسپیشل پروٹیکشن فورس کے آئی جی نے جائزہ لیا۔انہوں نے بیگم پیٹ ایرپورٹ ، ایچ آئی سی سی اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا۔ ایس پی ایف کے آئی جی نے پولیس کے حفاظتی انتظامات ،ٹریفک کنٹرول، موٹر گاڑیوں کی آمد و درفت پر تحدیدات ،طبی سہولتوں اور مختلف محکموں کے ساتھ تعاون جیسے امور پر عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم اتوار کی دوپہر بیگم پیٹ ایرپورٹ پہنچیں گے۔اس پر وہ چند ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور مکمل ہونے والے پروجکٹس کو قوم کے نام معنون کریں گے۔اس اجلاس میں ملکاجگری کی پولیس کمشنر سومتی ، جوائنٹ کمشنر شویتا اور مختلف محکموں کے عہدایدروں نے شرکت کی۔

MSM

Seethakka

خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لئے ریاستی حکومت نے اہم فیصلہ کیا ہے۔خواتین و بچوں کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے اعلان کیا کہ اپنی مدد آپ گروپوں کو بلاسودی قرضوں کی حد جو اب تک پانچ لاکھ روپے تھی بڑھا کر دس لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بینکوں سے دس لاکھ روپے تک کے قرضوں کیلئے حکومت ہی سود ادا کرے گی۔سیتا اکا نے حیدرآباد کے جیوتی با پھولے پرجا بھون میں خواتین کی اپنی مدد آپ گروپوں کیلئے سال 27-2026ء کے کریڈیٹ پلان کی اجرائی کے پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔حکومت نے اس سال خواتین کے گروپوں کو 26 ہزار 621 کروڑ روپے کے قرضے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گزشتہ مالی سال کے دوران بینکوں نے ان گروپوں کو 25 ہزار 228 کروڑ روپے کے قرضے جاری کئے تھے۔

Desk

Nitin Gadkari

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے تلنگانہ میں محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے لائی گئی اصلاحات کی ستائش کی ہے۔وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر کے مکتوب کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کرپشن کی روک تھام کیلئے چک پوسٹس کی منسوخی اور واہن سارتھی پورٹل کو جوڑنے کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ جدید ٹکنالوجی سے لیس آٹو میٹیڈ ڈرائیونگ ٹریک اور روڈ سیفٹی کے لئے معائنے پورے ملک کیلئے مثالی ہیں۔

Desk

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ معذورین کی خدمت ایک نیک کام ہے۔انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع ہیڈ کوارٹر پر معذورین میں امدادی آلات کی تقسیم کے بعد خطاب کیا۔

Sound Byte - Bandi Sanjay Kumar

PTC - Rajanna Sircilla

Ponguleti Srinivasa Reddy

وزیر مال و امکنہ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں ہر غریب کو مکان کی فراہمی اور زمینات کے مالکین کو مالکانہ حقوق دینے کے مقصد سے کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مکانات اور زمین ہر خاندان کیلئے عزتِ نفس کی علامت ہے۔وزیر مال نے کہا کہ ہر غریب کے مستقبل کو محفوظ بنانا حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ غرباء کی زندگی میں تبدیلی لانے کے مقصد سے حکومت نے اندراماں اینڈلو پروگرام شروع کیا ہے۔ ریاست بھر میں چار لاکھ مکانات منظور کرتے ہوئے ان کی تعمیر شروع کی گئی ہے۔

Desk

OO